روزنامہ
ٹیلیفون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

بدھ 24 نومبر 2010ء 17 ذی الحجہ 1431 ہجری 24 نبوت 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 237

مکہ میں پہلا نعرۂ تکبیر

حضرت عمرؓ اپنی بہن سے قرآن سن کر تلوار ہاتھ میں لیے آنحضرت ﷺ کی خدمت میں دار ارقم میں حاضر ہوگئے۔ جب دروازہ پر دستک ہوئی تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ عمر کو آنے دو۔ حضرت حمزہؓ کہنے لگے ''اگر وہ غلط ارادے سے آئے ہیں تو انہی کی تلوار سے ان کا کام تمام کر دیا جائے گا''۔ حضرت عمرؓ اندر آئے اسی وقت اللہ تعالیٰ کی توحید اور آپؐ کی رسالت کی گواہی دی تو آنحضرت ﷺ اور صحابہ نے خوشی سے باآواز بلند نعرہ تکبیر بلند کیا۔

یہ پہلا نعرہ تکبیر تھا جو مسلمانوں نے مکہ میں حضرت عمرؓ کے ہم آواز ہو کر بلند کیا، جس کی آواز بطحا کی پہاڑیوں میں گونجی۔ حضرت عمرؓ کا زمانہ اسلام ساتویں سال نبوت کے قریب بنتا ہے۔

(مجمع الزوائد جلد 9 صفحہ 64 السیرۃ الحلبیہ جلد 2 ص 15)

عیدالاضحیٰ کے فلسفہ، تاریخ نیز روحانی ترقی اور خدا کے فضلوں کے متعلق روح پرور بیان

قربانی کا معیار اطاعت اور صبر و رضا سے قائم ہوتا ہے

خدا تعالیٰ احمدیوں کی قربانیوں کو قبول فرماتے ہوئے ساری دنیا میں برکات سے نواز رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ عیدالاضحیٰ فرمودہ 17 نومبر 2010ء بمقام بیت الفتوح لندن کا خلاصہ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نماز عیدالاضحیٰ اور خطبہ عیدالاضحیٰ کے لئے مورخہ 17 نومبر 2010ء کو پاکستانی وقت کے مطابق سہ پہر 3:35 پر بیت الفتوح لندن تشریف لائے۔ حضور انور نے نماز عید کی ادائیگی کے بعد خطبہ عیدالاضحیٰ ارشاد فرمایا۔ یہ بابرکت تقریب ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر براہ راست نشر کی گئی۔ حضور انور کے خطبہ عید کو کئی زبانوں میں ترجمہ کے ساتھ نشر کیا گیا۔

حضور انور نے سورۃ صافات کی آیات 102 تا 109 کی تلاوت فرمائی۔ ان آیات کے ترجمہ کے بعد حضور انور نے فرمایا کہ آج ہم عیدالاضحیٰ منا رہے ہیں۔ یہ ایسی عید ہے جو قربانیوں کی عید ہے۔ یہ اس قربانی کی یاد میں ہے جو چار ہزار سال پہلے قربانی کے نئے معیار قائم کرتے ہوئے دو برگزیدوں یعنی حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام نے پیش کی تھی۔

حضور انور نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ نے اس وقت ایک گردن کو کٹنے سے روک دیا اور فرمایا کہ تو نے خواب کو پورا کر دیا ہے لیکن اس ایک گردن کے کٹنے سے بچاتے ہوئے جو ذبح عظیم کے عطا کرنے کا فرمایا تھا وہ ذبح عظیم جس کے دور میں قربانیوں کے اعلیٰ معیار قائم ہونے تھے۔ وہ آنحضرت ﷺ تھے۔ آپؐ نے اپنے ماننے والوں میں ایسی روح پھونک دی کہ انہوں نے قربانیوں کے نئے سے نئے معیار قائم کر دیئے۔ عظیم مثالوں کے نمونے ابھرنے لگے۔ جب بھی قربانی کا وقت آیا تو یہ تربیت یافتہ ایک دوسرے سے بڑھ کر قربانیاں دینے لگے اور ایسے نمونے قائم کر دیئے کہ انسان حیرت میں ڈوب جاتا ہے۔ صحابہ رسول ﷺ صرف یہ سوچ رکھتے تھے کہ ہمارا پیارا خدا ہم سے راضی ہو جائے۔

حضور انور نے فرمایا کہ صحابہ رسول میں قربانی کا جذبہ اس قدر بڑھا ہوا تھا کہ ان کے متعلق قرآن میں خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ ان کی آنکھوں میں اس غم سے آنسو آجاتے ہیں کہ ہمارے پاس قربانی کے لئے کچھ نہیں۔ ایک دفعہ ایک غزوہ میں شرکت کے لئے لمبا سفر تھا اور سواریاں ہی کم نہ تھیں بلکہ صحابہؓ پیدل سفر کرنے کو بھی تیار تھے مگر ان کے پاس جوتے بھی نہ تھے۔ ان کے جان و مال کی قربانیوں کی وجہ سے خدا تعالیٰ نے ان کو رضی اللہ عنہ کا لقب عطا فرمایا اور یہ حضرت ابراہیمؑ کے اپنی رویا کو پورا کر دینے کی وجہ سے ہوا تھا کہ ان کی نسل سے آنحضرت ﷺ جیسا عظیم نبی پیدا ہوا جس نے ذبح عظیم کے اعلیٰ نمونے قائم کر دیئے۔

حضور انور نے فرمایا کہ صحابہ عشق و وفا کے نام پر قربانیوں کے اعلیٰ معیار قائم کرتے چلے گئے اس کے نتیجے میں خدا تعالیٰ نے ان کو ملک اور حکومتیں عطا کر دیں۔ وہ خدا کی رضا کو مقدم رکھتے تھے۔ خدا نے ان کی عزت و وقار کو قائم کر دیا۔ انہوں نے عبادتوں کے اعلیٰ معیار قائم کئے اور یورپ تک اپنی فتح کا جھنڈا لہرا دیا۔ آج بھی قربانیوں اور عبادتوں کے معیار قائم کرنے کی ضرورت ہے۔ اپنی حالتوں کے بدلنے کی ضرورت ہے۔ اگر ایسا کریں گے تو خدا ضرور ہدایت دے گا اور قربانیوں کا ادراک ہوگا۔

حضور انور نے فرمایا کہ احمدیت کی 120 سالہ تاریخ بھی جان مال وقت اور عزت کے نذرانے پیش کرتے ہوئے گزری ہے۔ تاریخ احمدیت میں شہزادہ عبداللطیف کی قربانی کبھی بھلائی نہیں جاسکتی۔ ان کو سوچ بچار اور جان بچانے کے کئی مواقع ملے لیکن آپ نے پتھروں کی بارش میں جان راہ مولیٰ میں قربان کر کے یقین کامل کا ایسا نمونہ دکھایا کہ حضرت مسیح موعود نے ان کے لئے فرمایا کہ انہوں نے ایسی استقامت دکھائی جیسے مجھے آسمان سے اترتے ہوئے دیکھ لیا ہو اور ایسا اعلیٰ نمونہ دیا کہ میری جماعت اس نمونے کی محتاج تھی۔

حضور انور نے فرمایا کہ اس نمونے کو قائم رکھتے ہوئے۔ اپنی جان کے نذرانے پیش کرتے ہوئے قربانی کے اعلیٰ معیار قائم کرنے کے لئے آج بھی احمدی کوشش کر رہے ہیں۔ سال 2010ء میں سچائی کو دل کی گہرائیوں سے مانتے ہوئے 98 احمدیوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر دیا اور قربانی کی اسی روح کو سیراب کر دیا۔ احمدیت اب تناور درخت بن چکا ہے۔ جو کہ ہر قسم کی مخالفانہ حالت میں بھی بڑھ اور پھل پھول رہا ہے۔ جب بھی مخالفت بڑھی جماعت نے قربانی دی اور خدا نے بھی ان لوگوں کو چھوڑا نہیں بلکہ ہمیشہ ان کی حالت پہلے سے بہتر ہوگئی اور خدا کی

باقی صفحہ 2 پر

سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی آمد

- مکرم ڈاکٹر عباس باجوہ صاحب آرتھوپیڈک سرجن
- مکرمہ ڈاکٹر آصفہ عباس باجوہ صاحبہ گائناکالوجسٹ

دونوں ڈاکٹر مورخہ 28 نومبر 2010ء کو فضل عمر ہسپتال میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔

- مکرم ڈاکٹر منصور حسن میاں صاحب ماہر امراض معدہ و جگر و شوگر اور جوڑوں کے درد مورخہ 27 نومبر 2010ء کو دوپہر 1:00 بجے تا شام اور 28 نومبر صبح 8:00 بجے تا دوپہر 2:00 بجے آؤٹ ڈور گراؤنڈ فلور میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔
- مکرم ڈاکٹر محمود شیخ صاحب ماہر امراض معدہ و جگر مورخہ 28 نومبر 2010ء کو 11:00 بجے آؤٹ ڈور گراؤنڈ فلور میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔

ضرورت مند احباب و خواتین ان کی خدمات سے استفادہ کے لئے ہسپتال تشریف لائیں اور پرچی روم سے قبل از وقت اپنی رجسٹریشن کروا لیں۔ مزید معلومات کے لئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

ضرورت وارڈن

(طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ)

☆ طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ میں وارڈن کی آسامی خالی ہے۔ خواہش مند خواتین جو کل وقتی ملازمت کر سکتی ہوں اور جن کی تعلیم کم از کم B,A ہو اپنی درخواستیں صدر محلّہ کی تصدیق کے ساتھ ایڈمنسٹریٹر طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ کے نام ارسال کریں۔

(ایڈمنسٹریٹر طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ)

بقیہ خلاصہ خطبہ عیدالاضحیٰ صفحہ 1

رحمت پر ان کو خود بھی حیرت ہوتی رہی۔ ایک ملک میں حالات تنگ ہوئے تو خدا تعالیٰ نے تمام دنیا میں وسعت کے ایسے راستے کھول دیئے کہ جس کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا تھا۔ احمدی قربانی کے تسلسل کے معیار قائم کئے جاتے ہیں۔ اسی دور میں جان کی قربانی معمولی قربانی نہیں مگر خدا کے نوازنے کے رنگ ایسے ہی ہیں جس کی کوئی مثال پیش نہیں کی جاسکتی۔

حضور انور نے فرمایا کہ احمدیوں نے صبر و وفا کے اعلیٰ نمونے قائم کئے۔ مردان میں شیخ محمود صاحب نے جان نثار کی اور ان کے بیٹے عارف محمود زخمی ہوئے۔ انہوں نے لکھا کہ وہ حوصلہ میں ہیں اور کوئی مخالفت ہمارے ایمان کو ڈگمگا نہیں سکتی۔ یہ ایمان اور یہ یقین ہی ہے جو خدا کے فضل کا وارث بناتی ہے۔ جن کا خدا دوست ہوجائے اس کو دنیا کی کیا پرواہ ہوسکتی ہے۔ یہ عزم خدا کی رضا پر سب کچھ قربان کرنے والوں میں پیدا ہوتا ہے۔ یاد رکھیں اس بات کو جانتے ہوئے عہد باندھنا ہے کہ عشق و وفا کے کھیت خون سینچے بغیر نہیں پنپیں گے۔ صبر کے جوہر اس وقت کھلتے ہیں جب مستقل قربانی کے معیار قائم ہوتے ہیں اور یہی وقت ہوتا ہے جب محسنین کو خدا اجر سے نوازتا ہے اور خدا تعالیٰ کی نصرت ہمیشہ ساتھ رہتی ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے وعدے صرف حضرت مسیح موعود سے وابستہ نہ تھے۔ اللہ تعالیٰ اپنے وعدوں سے پیچھے نہیں ہٹتا۔ لیکن ہماری طرف سے قربانی کے معیار قائم کرنے ضروری ہیں۔ جب تک ہم یہ کرتے رہیں گے ہم کامیاب ہوتے رہیں گے اور احمدیت کے ذریعے دین حق دنیا کے کناروں تک پھیلتا چلا جائے گا۔

حضور انور نے فرمایا حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قربانی کو پورا کرنے میں صرف باپ کا فیصلہ نہ تھا۔ بلکہ بیٹے حضرت اسماعیل علیہ السلام کا صبر کرنے کا عندیہ بھی شامل تھا اور اس سے مقصد یہ ہے کہ اگلی نسل میں بھی قربانیوں کے عہد اور معیار کو جاری کر دیا گیا۔ صبر یہی ہے کہ بغیر کسی شکوہ کے اپنے آپ کو قربانی کے لئے پیش کیا جائے۔ چنانچہ حضرت اسماعیل علیہ السلام نے بے آب و گیاہ علاقہ میں ساری زندگی گزار دی۔ جب آپ نے قربانی کے معیار کو قائم کر دیا تو خدا تعالیٰ نے آپ کو محسنین میں شامل کیا اور باپ بیٹے کی وفا کی یاد کو ہمیشہ تازہ کرنے کے لئے حج کو جاری کر دیا اور اس اُسوہ پر چلنے کا حکم دے دیا۔

حضور انور نے فرمایا کہ ذبح عظیم سے مراد آنحضرت ﷺ کا زمانہ ہے۔ جب آنحضرت ﷺ اور آپ کے صحابہؓ نے صبر و رضا کے اعلیٰ نمونے قائم کر دیئے۔ قربانی، نیکی، خلق، عمل صالح اور وفا کے انتہائی معیار قائم کر دیئے اور صحابہ کرامؓ نے آنحضرت ﷺ کے پیغام کو پھیلانے کے لئے ہزاروں کی تعداد میں اپنی گردنیں کٹا دیں۔ جانوں کے نذرانے دیئے صبر و رضا کے نمونے دکھا دیئے اور رضی اللہ عنہ کے درجے کے حقدار ٹھہرے۔

حضور انور نے فرمایا اس سال احمدیوں نے 100 کے قریب قربانیاں دیں۔ جو اس بات کا ثبوت ہے کہ ہم صبر و رضا پر قائم ہیں اور خدا تعالیٰ کی تعلیم سے پیچھے ہٹنے والے نہیں ہیں۔ اس واقعہ کے بعد کئی خطوط ملے جس میں احمدیوں نے اس بات کا اظہار کیا کہ ہم بھی منتظر ہیں کہ کب یہ موقع ملے اور اس عہد وفا کو سچا کر دکھائیں۔ یہ تو خدا تعالیٰ جانتا ہے کہ اس نے کس سے کس طرح کی قربانی لینی ہے۔ اگر ہم خدا تعالیٰ سے تعلق قائم رکھیں گے اور ایمانوں میں مضبوطی قائم کریں گے تو خدا تعالیٰ یقیناً قربانیاں قبول کرے گا اور اجر سے نوازے گا اور قربانیوں کو قبول کرتے ہوئے دنیا کے کناروں تک احمدیت کا پیغام پہنچا دیا ہے۔ ایک ملک میں گزشتہ سال ایک ہزار بیعتیں ہوئی تھیں مگر اس سال اب تک 5 ہزار نفوس احمدیت کو قبول کر چکے ہیں۔ ایک اور ملک کا واقعہ بیان کرتے ہوئے حضور انور نے فرمایا کہ ہمارے مربی سلسلہ نے نماز استسقاء پڑھائی اور انہوں نے ان قربانیوں کی قبولیت کا واسطہ دے کر دعا کی اور خدا نے فضل فرمایا اور اپنی رحمت کی بارش برسا دی اور اس علاقہ میں ایک ہزار سے زائد سعید روحیں احمدیت میں داخل ہو چکی ہیں۔ گھانا، ماریشس اور دوسرے ممالک میں بھی خدا تعالیٰ یہ ہوا چلا رہا ہے۔ جو اس بات کا ثبوت ہے کہ خدا نے ان قربانیوں کو قبول فرما لیا ہے اور یہ قربانیاں رنگ دکھا رہی ہیں اور احمدیت ہی قرآنی تعلیم کو دنیا کے کناروں تک پہنچا رہی ہے اور یہ عید بھی اپنے پیاروں کی یاد دلاتی ہے پس اس وقت تک چین سے نہ بیٹھیں جب تک پیار و محبت، صبر و رضا سے خدا کی عبادت کرنے والے پیدا نہ ہوں۔

خطبہ ثانیہ کے بعد حضور انور نے فرمایا کہ اب دعا کرلیں اور دعا میں جاں نثاروں، ان کے خاندانوں، مربیان سلسلہ و واقفین زندگی اور ان سب کو جو کسی نہ کسی رنگ میں قربانی کر رہے ہیں کو یاد رکھیں۔ اللہ تعالیٰ یہ عید ہر ایک کے لئے بابرکت فرمائے اور ہماری قربانیوں کو قبول فرماتے ہوئے احمدیت کے پیغام کو ساری دنیا میں پھیلا دے۔ اس کے بعد حضور انور نے دعا کروائی۔ دعا کے بعد حضور انور نے فرمایا کہ سب کو میری طرف سے بہت بہت عید مبارک ہو۔ خدا تعالیٰ اس عید کو ہر احمدی کے لئے ہر لحاظ سے بابرکت کرے۔ آمین

مشعل راہ

نپولین نے ہمیں بھاگنا نہیں سکھایا

میرے دل پر اس واقعہ کا گہرا اثر ہے

سیدنا حضرت مصلح موعود نے 25 فروری 1936ء کو مدرسہ احمدیہ اور جامعہ احمدیہ کے طلباء سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا:۔

نپولین کا ایک واقعہ ہے جب بھی میں اس کو پڑھتا ہوں۔ میرے دل پر اس کا گہرا اثر ہوتا ہے لکھا ہے کہ نپولین نے اپنی فوج میں سے چند بہادر سپاہیوں کو چن کر اپنا باڈی گارڈ بنایا ہوا تھا۔ واٹر لو کی جنگ میں جب نپولین کی فوج کو شکست ہوئی تو ایک شخص باڈی گارڈ سپاہیوں کے پاس سے گزرا۔ اس نے دیکھا کہ وہ دشمن کی فوج سے جن کے پاس کافی گولہ بارود تھا۔ صرف تلواروں سے لڑ رہے ہیں۔ انہیں مخاطب ہو کر کہنے لگا۔ تم تلواروں سے کیوں لڑتے ہو۔ انہوں نے کہا۔ ہمارے پاس گولہ بارود ختم ہو گیا ہے۔ اس پر اس شخص نے کہا جب تمہارا گولہ بارود ختم ہو گیا ہے۔ تو لڑائی کس طرح جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نپولین نے ہمیں لڑنا ہی سکھایا ہے میدان سے بھاگنا نہیں سکھایا اور یہ کہہ کر وہ باڈی گارڈ سپاہی ایک ایک کر کے ڈھیر ہو گئے۔ مگر میدان جنگ سے نہ بھاگے۔

اس طرح نپولین کی شکست فتح سے تو نہ تبدیل ہوسکی لیکن جو روح ان میں پیدا ہوگئی تھی اور جس کا مظاہرہ کرتے ہوئے انہوں نے جانیں دیں۔ اس نے ان کی قوم کو زندہ کر دیا اور وہ آج تک ان مرنے والوں پر فخر کرتی ہے۔

پس ہر وہ قوم جس میں کام کرنے کی ایسی روح پیدا ہو جاتی ہے۔ وہ ہمیشہ آگے ہی آگے بڑھتی ہے۔ پیچھے ہٹنا نہیں جانتی۔ نپولین انگریزوں کے ہاتھ میں قید ہو گیا اور اسی قید کی حالت میں مر گیا۔ مگر اس کی شہنشاہیت اس کی گرفتاری اور موت کے بعد ختم نہ ہوگئی بلکہ فرانس میں مستحکم ہوگئی اور وہ روح جو نپولین کے سپاہیوں میں موجود تھی کہ ہم کو لڑنا سکھایا گیا ہے۔ میدان جنگ سے بھاگنا نہیں سکھایا گیا۔ اسی نے فرانس کی شہنشاہیت کو قائم کر دیا اور اب بھی جب کوئی فرانسیسی ان واقعات کو پڑھتا ہے تو اس کی چھاتی تن جاتی اور فخر سے اپنی گردن اونچی کر کے وہ کہتا ہے میں ان کی اولاد ہوں جن کو لڑنا سکھایا گیا تھا اور جو بھاگنے کے نام سے ناواقف تھے پس جس قوم میں کام کرنے کی روح پیدا ہو جاتی ہے وہ مر کر بھی زندہ قوم کہلاتی ہے اس لئے تم لوگوں کو کام کرنے کی روح پیدا کرنی چاہئے۔ اس کے بعد نظام کو دیکھا جاتا ہے۔ اگر صرف نظام ہو اور کام کرنے کی روح نہ ہو تو اس سے بھی کسی قسم کا فائدہ حاصل نہیں ہوسکتا۔

(الفضل مورخہ 5 مارچ 1936ء ص 4)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

مکرم محمد محمود طاہر صاحب ایڈیٹر ماہنامہ انصاراللہ

ماہنامہ انصاراللہ کو 50 سال مبارک ہوں

رسالہ کی تاریخ، مقاصد، مدیران، مینیجرز اور دیگر اہم امور

اللہ تعالیٰ کے فضل سے ماہنامہ انصاراللہ ربوہ کی عمر 50 سال ہوگئی ہے۔اس کا پہلا شمارہ نومبر 1960ء میں شائع ہوا اور نومبر 2010ء سے یہ 51 ویں سال کا آغاز کر رہا ہے۔اس پُرمسرت موقع پر ہم مجلس انصاراللہ اور ماہنامہ انصاراللہ اور تمام متعلقہ احباب کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

اس مبارک موقع پر ماہنامہ انصاراللہ کا خصوصی شمارہ اکتوبر 2010ء میں شائع کیا گیا ہے جس کے لئے سیدی حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خصوصی پیغام عطا فرمایا ہے۔

یہ رسالہ 56 صفحات پر مشتمل ہے۔جس میں رسالہ کی تاریخ اور خدمات کو اجاگر کیا گیا ہے۔ پہلے شمارہ کے لئے حضرت صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب صدر مجلس انصاراللہ مرکزیہ اور حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب کے پیغامات درج کئے گئے ہیں۔رسالہ کے پہلے ایڈیٹر مسعود احمد صاحب دہلوی کے قلم سے پہلے شمارہ کا اداریہ بھی شامل اشاعت ہے۔اسی طرح مجلس انصاراللہ اور رسالہ انصاراللہ کی تاریخ پر بھی جامع مضامین اس رسالہ کا حصہ ہیں۔اسی طرح دفاتر انصاراللہ اور مدیران ماہنامہ انصاراللہ کی تصاویر اور تعارف بھی شائع کیا گیا ہے۔

اس رسالہ میں مدیر انصاراللہ کی طرف سے جو مضمون تاریخ انصاراللہ پر لکھا گیا ہے۔موقع کی مناسبت سے شائع کیا جا رہا ہے۔ (ایڈیٹر الفضل)

آخری زمانہ کی نشانیوں میں سے ایک یہ نشانی بھی اللہ تعالیٰ نے بتائی کہ وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ (التکویر:11) اور جب صحیفے کثرت سے پھیلائے جائیں گے۔چنانچہ مطبع کی ایجاد سے دنیائے نشر و اشاعت میں ایک انقلاب پیدا ہوگیا دنیا بھر میں کتب اور رسائل اور اخبارات کی اشاعت شروع ہوگئی۔مختلف تنظیموں، جماعتوں اور اداروں کے ترجمان کے لئے اخبار یا رسالہ کی ضرورت لازمی سمجھی گئی۔قیام جماعت احمدیہ کے بعد حضرت مسیح موعودؑ کی بھی خواہش تھی کہ قادیان میں پریس لگے اور ہمارا اپنا اخبار ہو۔چنانچہ آپ کی زندگی میں ہی یہ خواہش پوری ہوگئی اور قادیان سے اخبارات و رسائل کا اجراء شروع ہوا جن میں اخبار الحکم، البدر رسالہ ریویو آف ریلیجنز اور رسالہ تشحیذ الاذہان نمایاں ہیں۔ان اخبارات و رسائل نے جہاں احباب جماعت کی تعلیم و تربیت میں نمایاں کردار ادا کیا اور حضرت مسیح موعودؑ کے کلمات طیبات کو محفوظ کیا وہاں یہ اخبارات و رسائل جماعت کی ابتدائی تاریخ کے بھی ماخذ ہیں۔

حضرت مصلح موعودؓ نے جماعت میں ذیلی تنظیموں کا نظام قائم فرمایا۔جس نے احباب جماعت کی علمی، روحانی اور اخلاقی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ 40 سال سے بڑی عمر کے احباب کی تنظیم انصاراللہ کا قیام 1940ء میں ہوا۔اس تنظیم کے اراکین کی تعلیم و تربیت اور تنظیمی مساعی کی اشاعت کے لئے ضرورت تھی کہ تنظیم کا اپنا علیحدہ رسالہ ہو۔ اس ضرورت کے تحت 1959ء کی مجلس شوریٰ میں یہ فیصلہ ہوا کہ مجلس انصاراللہ مرکزیہ ایک ماہوار رسالہ شائع کرے جس میں مجالس انصاراللہ کے متعلق پروگرام، اخبار مجالس، ضروری ہدایات اور دینی و تربیتی مضامین شائع کئے جائیں اور فیصلہ ہوا کہ ہر مجلس کے لئے اس کی خریداری لازمی قرار دی جائے۔اس فیصلہ کے مطابق نومبر 1960ء میں ایک ماہوار رسالہ کی اشاعت شروع ہوگئی۔ حضرت مرزا بشیر احمد صاحب کی تجویز کے مطابق اس رسالہ کا نام ''انصاراللہ'' رکھا گیا۔ماہنامہ انصاراللہ کا اجراء حضرت صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب کے عہد صدارت میں ہوا۔آپ اس میں خصوصی دلچسپی لیتے تھے۔محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب روایت بیان کرتے ہیں کہ حضرت صاحبزادہ مرزا ناصر احمد خلیفۃ المسیح الثالث مسند خلافت پر متمکن ہوئے تو اس کے بعد بھی ایک عرصہ تک آپ رسالہ انصاراللہ کا مسودہ ملاحظہ فرمایا کرتے تھے۔

انصاراللہ کا پہلا شمارہ

نومبر 1960ء میں ماہنامہ انصاراللہ ربوہ کا پہلا شمارہ نکلا۔رسالہ کے مدیر محترم مسعود احمد خان صاحب دہلوی، طابع و ناشر چوہدری محمد ابراہیم صاحب تھے اور یہ رسالہ ضیاءالاسلام پریس ربوہ سے شائع ہوا۔رسالہ کی قیمت فی پرچہ آٹھ آنے اور سالانہ قیمت 5 روپے مقرر ہوئی۔ پہلا شمارہ 48 صفحات پر مشتمل تھا۔رسالہ کے اداریہ میں رسالہ کے مقاصد اور اس میں شائع ہونے والے مواد کے بارہ میں معلومات دی گئی تھیں۔اداریہ کے بعد حضرت مرزا بشیر احمد صاحب کا پیغام محررہ 20 اکتوبر 1960ء شائع ہوا جو ماہنامہ انصاراللہ کے اجراء پر اس کے مقاصد پر روشنی ڈالنے والا تھا۔ پہلے شمارہ میں ارشادات و منظوم کلام حضرت مسیح موعودؑ اور فرمودات حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کے علاوہ حضرت مرزا ناصر احمد صاحب (صدر مجلس انصاراللہ مرکزیہ)، حضرت چوہدری محمد ظفراللہ خان صاحب، شیخ محبوب عالم خالد صاحب، مولانا شیخ روشن دین صاحب تنویر اور محترم مولانا ابوالعطاء صاحب جالندھری کے مضامین بھی شامل اشاعت تھے۔اسی طرح پہلے شمارہ میں بچوں کے لئے ایک صفحہ بھی مخصوص کیا گیا تھا۔اخبار مجالس میں انصاراللہ بلوچستان کے علاقائی اجتماع کی رپورٹ بھی شائع کی گئی تھی۔

مدیران انصاراللہ

محترم مولانا مسعود احمد خان صاحب دہلوی سابق ایڈیٹر روزنامہ الفضل کو ماہنامہ انصاراللہ ربوہ کے پہلے ایڈیٹر ہونے کا شرف حاصل ہے۔ ایک لمبا عرصہ تک رسالہ کی ادارت آپ کے سپرد رہی۔ چنانچہ نومبر 1960ء یعنی آغاز سے 1973ء تک آپ رسالہ انصاراللہ کے مدیر رہے۔ جن بزرگان اور اہل قلم کو اب تک ماہنامہ انصاراللہ کے مدیر رہنے کا اعزاز حاصل ہوا ہے ان کے اسماء مع عرصہ ادارت درج ذیل ہیں۔

اسماء مدیران عرصہ ادارت

1۔مکرم مسعود احمد خان صاحب دہلوی
نومبر 1960ء تا 1973ء
2۔مکرم مولانا غلام باری سیف صاحب
جنوری 1974ء تا مارچ 1977ء
3۔مکرم سید عبدالحیٔ شاہ صاحب
اپریل 1977ء تا 1979ء
﴾نوٹ: دسمبر 1979ء کے شمارہ میں سید کمال یوسف صاحب کا نام بھی بطور مدیر سید عبدالحیٔ شاہ صاحب کے ساتھ شائع ہوا ہے﴿
4 مکرم پروفیسر ناصر احمد صاحب پروازی
جنوری 1980ء تا اپریل 1980ء
5 مکرم سید کمال یوسف صاحب
مئی 1980ء
6 مکرم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب
جون، جولائی 1980ء
7 مکرم مولانا غلام باری سیف صاحب
اگست 1980ء تا نومبر 1985ء
8 مکرم سید عبدالحیٔ شاہ صاحب
نومبر، دسمبر 1985ء تا جنوری 1986ء
9 مکرم مرزا محمد الدین ناز صاحب
فروری 1986ء تا 1993ء
10 مکرم نصراللہ خان ناصر صاحب
جنوری 1994ء تا 2004ء
11 مکرم سید مبشر احمد ایاز صاحب
جنوری 2005ء تا جنوری 2006ء
12 مکرم نصیر احمد انجم صاحب
فروری 2006ء تا دسمبر 2009ء
13 خاکسار راقم الحروف محمد محمود طاہر
جنوری 2010ء سے تا حال

تادم تحریر محترم مولانا غلام باری سیف صاحب کے علاوہ جملہ سابقہ مدیران انصاراللہ خدا کے فضل سے بقید حیات ہیں۔اللہ تعالیٰ ان کی خدمات قبول فرمائے اور ان کی عمر و صحت میں برکت دے۔آمین

قائدین اشاعت

ماہنامہ انصاراللہ کی تاریخ میں قائدین اشاعت کی سعی بھی قابل ذکر رہی ہے۔ابتدا میں تو ایڈیٹر انصاراللہ قائد اشاعت ہی ہوتا تھا بلکہ ایڈیٹر انصاراللہ پہلے قائد اشاعت بنے۔ ماہنامہ کا اجراء 1960ء میں ہوا اور اس کے مدیر محترم مسعود احمد خان صاحب دہلوی 1962ء میں قائد اشاعت مقرر ہوئے۔اب تک کے قائدین اشاعت کے اسماء مع عرصہ خدمت درج ذیل ہیں۔

اسماء قائدین اشاعت عرصہ خدمت
1 مکرم مسعود احمد خان صاحب دہلوی
1962ء تا 1972ء
02 مکرم مولانا غلام باری سیف صاحب
1973ء تا 1976ء
03 مکرم سید عبدالحیٔ شاہ صاحب
1977ء تا 1979ء
04 مکرم ڈاکٹر ناصر احمد پروازی صاحب
1980ء
05 مکرم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب
1981ء
06 مکرم محمد بشیر شاد صاحب

1982ء
07 مکرم ڈاکٹر لطیف احمد قریشی صاحب
1983ء تا 1985ء
08 مکرم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب
1986ء تا 1997ء
09 مکرم ملک منور احمد جاوید صاحب
1998ء تا 2008ء
10 مکرم طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ صاحب
جنوری 2009ء تا اپریل 2010ء
11۔ مکرم مرزا فضل احمد صاحب اپریل 2010ء سے قائد اشاعت کے طور پر خدمت کی توفیق پا رہے ہیں

مینیجرز و پبلشرز حضرات

ماہنامہ انصاراللہ کی اشاعت کے انتظامی و دفتری امور چلانے کے لئے مینیجرز حضرات کو بھی خدمات کی توفیق ملی۔ انصاراللہ کی اشاعت کے آغاز سے 1997ء تک ایک لمبا عرصہ محترم چوہدری محمد ابراہیم صاحب اس خدمت کو بجالاتے رہے۔ 1981ء میں محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب نے بھی بطور مینیجر خدمت کی توفیق پائی۔ 1998ء سے تا حال مکرم حافظ عبدالمنان کوثر صاحب مینیجر و پبلشر ماہنامہ انصاراللہ کے طور پر کام کی توفیق پا رہے ہیں۔

ماہنامہ انصاراللہ کی سرکولیشن کا گوشوارہ

نومبر 1960ء میں ماہنامہ انصاراللہ کا آغاز ہوا تو اس سال اجتماع پر ممبران شوریٰ نے اس خواہش کا اظہار کیا تھا کہ وہ جلد اس رسالہ کی اشاعت دو ہزار تک پہنچا دیں گے۔ لیکن یہ توقع فوری طور پر پوری نہ ہو سکی۔ حضرت صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب (خلیفۃ المسیح الرابع) کے عرصہ صدارت 1979ء تا 1982ء کے دوران ماہنامہ انصاراللہ کی توسیع اشاعت کے لئے غیر معمولی مساعی ہوئی۔ پاکستان اور بیرون پاکستان میں اس کی اشاعت بڑھانے کے لئے خصوصی کوشش کی گئی اور یہ کوشش ثمر آور بھی ہوئی۔ 1979ء میں رسالہ کی سرکولیشن ڈیڑھ ہزار (1500) سے زائد تھی اور اللہ کے فضل سے 1982ء میں یہ تعداد تین ہزار دو سو (3200) تک پہنچ گئی اور اس کے بعد اللہ کے فضل سے تقریباً ہر سال اس کی اشاعت میں اضافہ ہوتا رہا۔ 1983ء سے 2010ء تک کی اشاعت کا گوشوارہ پیش ہے۔

نمبر شمار	سال	تعداد
01	1983ء	5200
02	1984ء	5100
03	1985ء	5500
04	1986ء	4900
05	1987ء	5250
06	1988ء	5750
07	1989ء	5400
08	1990ء	5450
09	1991ء	5800
10	1992ء	6100
11	1993ء	7150
12	1994ء	7150
13	1995ء	7050
14	1996ء	7200
15	1997ء	7450
16	1998ء	8100
17	1999ء	8400
18	2000ء	8750
19	2001ء	8500
20	2002ء	8550
21	2003ء	8500
22	2004ء	9050
23	2005ء	9500
24	2006ء	9900
25	2007ء	10400
26	2008ء	11250
27	2009ء	11500
28	اکتوبر 2010ء	11800

ماہنامہ انصاراللہ کی قیمت

ماہنامہ انصاراللہ کی اشاعت سے منافع کبھی مقصود نہیں رہا بلکہ اس کا شرح چندہ اس کے بنیادی اخراجات پورا کرنے کے لئے مقرر کیا گیا۔ نومبر 1960ء میں پہلا شمارہ شائع ہوا تو قیمت فی پرچہ آٹھ آنے اور سالانہ چندہ پانچ روپے مقرر کیا گیا۔ دو سال بعد نومبر 1962ء میں سالانہ قیمت چھ روپے سالانہ ہو گئی۔ اگست 1971ء میں فی پرچہ 75 پیسے جب کہ سالانہ چندہ کی شرح آٹھ روپے ہو گئی۔ جون 1976ء میں فی پرچہ ایک روپیہ اور سالانہ چندہ -/12 روپے ہو گیا اسی سال دسمبر سے ماہانہ شرح ڈیڑھ روپیہ اور سالانہ پندرہ روپے قیمت مقرر کی گئی۔ یکم جولائی 1983ء سے فی پرچہ قیمت دو روپیہ اور سالانہ بیس روپے۔ جنوری 1989ء سے فی پرچہ تین روپے اور سالانہ تیس روپے۔ جنوری 1994ء میں قیمت میں اضافہ ہوا اور فی پرچہ چار روپے جبکہ سالانہ شرح چالیس روپے ہو گئی۔ جنوری 1996ء سے ماہنامہ کی قیمت چھ روپے اور سالانہ ساٹھ روپے۔ جنوری 2000ء سے سات روپے فی پرچہ اور سالانہ ستر روپے مقرر کی گئی۔ جنوری 2001ء سے فی پرچہ دس روپے اور سالانہ -/100 روپے جبکہ یکم جنوری 2009ء سے فی پرچہ پندرہ روپے اور سالانہ چندہ -/150 روپے مقرر ہے۔

ماہنامہ انصاراللہ کی اشاعت کے 50 سال

نومبر 1960ء میں رسالہ ماہنامہ انصاراللہ کا اجراء ہوا۔ یوں اب اس کی اشاعت کو خدا کے فضل سے 50 سال مکمل ہو گئے ہیں۔ اس عرصہ نصف صدی کے دوران اس مؤقر ماہنامہ نے احباب جماعت کی علمی پیاس بجھانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ انصار بھائیوں کی علمی خدمت کے ساتھ ساتھ انصاراللہ کی مساعی کو شائع کر کے مجلس انصاراللہ کے لئے خدمت بجا لانے والے بھائیوں کی تاریخ کو بھی محفوظ رکھا ہے۔ ارشادات حضرت مسیح موعود اور فرمودات خلفاء سلسلہ کے علاوہ جہاں رسالہ میں تربیتی موضوعات پر مضامین شائع ہوتے رہے۔ وہاں اس میں محققین اور علماء کرام کے ٹھوس علمی و تحقیقی مقالے بھی شامل اشاعت رہے ہیں اور یہ سلسلہ آج بھی خدا کے فضل سے جاری ہے۔ تاریخ احمدیت کے حوالہ سے خصوصی ایام مثلاً یوم مسیح موعود، یوم مصلح موعود، یوم خلافت اور جلسہ سالانہ کی مناسبت سے خصوصی تحریرات کی اشاعت سے احباب جماعت کی علمی خدمت کی توفیق ماہنامہ انصاراللہ کو ملتی رہی ہے۔ گزشتہ ایک عرصہ سے ماہنامہ انصاراللہ میں مجلس انصار اللہ کی مساعی کے حوالہ سے رنگین تصاویر کی اشاعت بھی ہو رہی ہے جو تاریخ انصاراللہ کا اہم ریکارڈ ہے۔

خصوصی نمبرز

بعض اہم مواقع پر ماہنامہ انصاراللہ کے خصوصی شماروں کی بھی اشاعت ہوئی ہے۔ چنانچہ 1980ء میں ڈاکٹر عبدالسلام نمبر شائع ہوا۔ 1994ء میں ''خسوف و کسوف''، 1996ء میں ''اسلامی اُصول کی فلاسفی''، 1998ء میں ''براہین احمدیہ''، 2001ء میں حضرت مسیح موعود کے نشان بابت ڈاکٹر ڈوئی اور 2005ء میں نظام وصیت کے بارہ میں خصوصی شمارے شائع ہوئے۔ خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے حوالہ سے 2008ء میں ماہنامہ انصاراللہ کا حضرت خلیفۃ المسیح الاول نمبر 11300 کی تعداد میں شائع ہوا۔ 2009ء میں ماہنامہ انصاراللہ کا حضرت مصلح موعود نمبر 13500 کی تعداد میں شائع ہوا۔ جو بہت مقبول ہوا اور مطالبہ پر دوبارہ 2000 کی تعداد میں شائع ہوا۔ جولائی 2010ء کا شمارہ خصوصی طور پر سانحہ لاہور 28 مئی 2010ء کی نذر کیا گیا تھا۔ اب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی منظوری سے شہدائے لاہور پر تفصیلی نمبر شائع کیا جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اسی طرح اگلے سال سیدنا خلیفۃ المسیح الثالث نمبر شائع کرنے کا پروگرام ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی توفیق عطا فرمائے۔ قارئین کرام سے اس سلسلہ میں دعا کی خصوصی درخواست ہے۔

آخر پر دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان تمام احباب، کارکنان و مضمون نگار حضرات کو جزائے خیر دے جنہوں نے ماہنامہ کی اشاعت و ترقی کے لئے بھرپور معاونت کی۔

آزمودہ نسخہ

سابق وزیراعظم پاکستان فیروز خان نون اپنی سوانح حیات میں لکھتے ہیں:

''اپریل 1953ء میں مجھے اچانک کراچی سے وزیر اعظم خواجہ ناظم الدین کا ٹیلیفون پر ایک پیغام ملا۔ وہ چاہتے تھے کہ میں پنجاب کا وزیر اعلیٰ بن جاؤں۔ کیونکہ دولتانہ حکومت میں صوبہ کا نظم و ضبط تباہ ہو چکا تھا۔ لاہور میں مارشل لاء نافذ تھا اور پولیس کی فائرنگ سے لوگ خاصی تعداد میں ہلاک ہو گئے تھے۔ یہ صورت حالات ان لوگوں نے پیدا کی تھی جو مرکز میں برسر اقتدار آنا چاہتے تھے۔ انہوں نے سوچا کہ اس طرح بے چینی اور خلفشار پیدا ہونے سے مرکز کے ارباب اختیار حکومت سے الگ ہو جائیں گے۔ چنانچہ انہوں نے پر امن شہریوں کے ذہنوں کو مشتعل کرنے کے لیے احمدی مذہبی اقلیت پر حملہ کا پرانا آزمودہ نسخہ استعمال کیا۔ ایسے نازک موقع پر میں انکار نہ کر سکا۔ تاہم میں نے کہا کہ یہ منصب مجھے صرف اس صورت میں قبول ہوگا جبکہ پنجاب مسلم لیگ پارٹی مجھے پہلے اپنا لیڈر منتخب کر لے۔ میں اس طرز عمل کو ناپسند کرتا تھا کہ کراچی میں ہائی کمان کے حکم پر پہلے عہدہ قبول کروں، اس کے بعد اپنے اثر و رسوخ اور طاقت و اقتدار سے لوگوں کو اپنی حمایت پر مجبور کروں۔ خواجہ ناظم الدین نے یہ مطالبہ مان لیا اور لاہور میں مسلم لیگ پارٹی سے کہا کہ وہ اجلاس منعقد کر کے پارٹی کی قیادت کا فیصلہ کرے۔ چنانچہ مسلم لیگ پارٹی نے اتفاق رائے سے مجھے اپنا لیڈر منتخب کر لیا اور میں وزیر اعلیٰ کا منصب سنبھالنے کے لیے ڈھاکا سے لاہور پہنچ گیا۔ اس طرح سالہا سال کے تجربوں اور ناکامیوں کے بعد بالآخر انہوں نے مجھے میرے آبائی صوبہ میں واپس بلالیا۔ جہاں میں نے وزیر اعلیٰ کے طور پر دو سال گزارے۔

لاہور کے عوام کو مارشل لاء کا پہلا تجربہ تھا۔ جنرل اعظم خاں، مارشل لاء کے ناظم اعلیٰ تھے اور اگرچہ فوج افراتفری کو روکنے اور امن و قانون کو بحال کرنے میں بہت مددگار ہوئی تھی، تاہم میں دو مہینہ کے بعد مارشل لاء اٹھوانے میں کامیاب ہو گیا۔

(چشم دید ص 267۔ فیروز خان نون تخلیقات لاہور 2005ء)

مکرم ڈاکٹر محمد عامر خان ملک صاحب

انسان کا دیرینہ دشمن ملیریا۔ تشخیص اور علاج

ملیریا بخار کے ساتھ انسان کا رشتہ غالباً اتنا ہی پرانا ہے جتنا انسان اور مچھر کا تعلق۔ دور حاضر میں سائنس یہ ثابت کر چکی ہے کہ انسان میں یہ بیماری ایک خاص قسم کے مچھر اینوفلیز کی مادہ (Female Anopheles) کے کاٹنے سے ہوتی ہے جو اس بیماری کے جرثومہ کو اپنے جسم میں Carry کرتا ہے۔ اس جرثومہ کا نام پلازموڈیم (Plasmodium) ہے جسے ملیریل پیراسائٹ (Malarial Parasite) یا M.P کہتے ہیں۔ یوں تو دنیا میں M.P کی چار اقسام ہیں لیکن پاکستان میں دو اقسام قابل ذکر ہیں۔ اول الذکر Plasmodium Vivax سب سے زیادہ عام اور خوش قسمتی سے کم خطرناک ہے۔ مؤخر الذکر Plasmodium Falciparum نسبتاً کم لیکن نہایت خطرناک قسم ہے جو بسا اوقات مہلک ملیریا کا باعث بنتی ہے۔ یہ قسم افریقی ممالک میں کثرت سے پائی جاتی ہے اور کثرت سے اموات کا سبب بھی بنتی ہے۔ ملیریا پوری دنیا میں صحت اور جان کا نقصان کرنے والی بیماریوں میں عام بھی ہے اور اہم بھی۔ یہ ہمارے ملک میں موسم برسات میں ہونے والے بخار کی وجوہات میں سرفہرست ہے۔ ہمارے ملک میں یہ بیماری جولائی تا نومبر کے دنوں میں عام ہے جبکہ ستمبر اور اکتوبر اس کے عروج کے مہینے ہیں۔ یہاں یہ بات واضح رہے کہ مچھر کے کاٹنے کے فوراً بعد مریض کو بخار نہیں ہوتا بلکہ 2 تا 4 ہفتے کے مخصوص وقفہ (Incubation Period) کے بعد مرض کی علامات شروع ہوتی ہیں۔

پلازموڈیم کا لائف سائیکل

Life Cycle of Plasmodium

پلازموڈیم دو میزبانوں (Hosts) میں اپنی زندگی کا چکر مکمل کرتا ہے اس کا اصل میزبان تو مچھر ہے مگر حادثاتی میزبان انسان ہے۔ جب کوئی Infected مادہ اینوفلیز مچھر کسی صحت مند انسان کو کاٹتا ہے تو پلازموڈیم ایک خاص شکل Sporozoits کی صورت میں انسانی خون میں داخل کر دیتا ہے جو اس کے لعاب میں شامل ہوتے ہیں۔ خون سے یہ جراثیم انسانی جگر میں پہنچ جاتے ہیں جہاں یہ جگر کے خلیات میں نشوونما پانے لگتے ہیں اور ایک مخصوص شکل اختیار کر لیتے ہیں جسے Shizont کہتے ہیں۔ یہ بالغ ہو کر پھٹتا ہے اور بیشمار ننھے ننھے اجسام Merozoits خون میں سرایت کر جاتے ہیں۔ یہ اجسام واپس جگر میں جا کر جگر کے دیگر خلیات میں داخل ہو کر یہی عمل دہراتے ہیں جبکہ بعض Merozoits خون کے سرخ خلیات (Redcells) میں گھس جاتے ہیں اور وہاں اپنی زندگی میں مختلف ادوار سے گزرتے ہیں جن میں پہلی شکل Ring Form کہلاتی ہے۔ اس حالت میں پلازموڈیم (MP) خون کے سرخ خلیہ کے اندر ایک باریک اور نازک انگوٹھی کی شکل میں نظر آتا ہے۔ جس میں ایک گہرے نیلے رنگ کا نقطہ (Dot) انگوٹھی کے نگ کو ظاہر کرتا ہے جبکہ اسی رنگ میں ایک باریک دائرہ (Ring) کی شکل میں دکھائی دیتا ہے جو سرخ رنگ کے بیک گراؤنڈ میں نمایاں طور پر دیکھا جا سکتا ہے۔ (بشرطیکہ احتیاط سے شیشے کی سلائیڈ پر خون کا Smear بنا کر اسے درست Stain کر کے خردبین میں دیکھا جائے)۔ کچھ عرصہ کے بعد یہی شکل نشوونما کے بعد مختلف اشکال بدلتی ہوئی Large Trophozoit کی شکل اختیار کر لیتی ہے جو زیادہ آسانی کے ساتھ خردبین میں دیکھا جا سکتا ہے۔ اس کا حجم اتنا بڑھ جاتا ہے کہ تقریباً پورے سرخ خلیہ کو ہی گھیر لیتا ہے۔ یہ شکل مزید بدلتی ہے اور MP اپنی انتہائی حالت Shizont میں تبدیل ہو جاتا ہے جو متعدد چھوٹے اجسام Merozoits پر مشتمل ہوتا ہے۔ جب Shizont کا حامل سرخ خلیہ پھٹتا ہے تو یہ اجسام نئے سرخ خلیات میں داخل ہو کر دوبارہ انہی ادوار سے گزرتے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ نئے سرخ خلیات کو تباہ کرتے جاتے ہیں جب ایک بڑی تعداد میں ایسے سرخ خلیات پھٹ کر تباہ ہوتے ہیں تو مریض کو سردی کے ساتھ بخار ہوتا ہے جو ملیریا بخار کی نہایت اہم علامت ہے۔ ایسے مریض میں کچھ خلیات مخصوص تبدیلیوں سے گزرتے ہوئے Gametes کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔ جب خون چوسنے والا مچھر ایسے بیمار کو کاٹتا ہے تو یہ Gametes اس کے جسم میں چلے جاتے ہیں اور اپنی زندگی کا باقی دور جسے Sexual Cycle کہتے ہیں، مچھر کے جسم میں گزارتے ہیں۔

پلازموڈیم (MP) مچھر کے اندر مختلف تبدیلیوں سے گزرتا ہوا بالآخر دوبارہ Sporozoits کی شکل اختیار کر لیتا ہے جو باریک دھاگوں کی طرح ہوتے ہیں۔ یہی دوبارہ نئے صحت مند افراد میں داخل ہو کر انہیں بیمار کر دیتے ہیں اور یہ سائیکل انسان پلازموڈیم اور مچھر کے درمیان چلتا رہتا ہے اور انسان میں ملیریا بخار پر منتج ہوتا ہے۔

ملیریا کی علامات

ملیریا کی نہایت اہم علامت سردی اور کپکپی کے ساتھ اچانک شدید بخار کا ہونا۔ یہ بخار کچھ دیر کے بعد خود بخود ٹوٹتا ہے اور شروع میں باری کا بخار کہلاتا ہے یعنی ایک دن چھوڑ کر اگلے دن بخار ہوتا ہے اور عموماً خاص اوقات میں ہوتا ہے جو مریض کے جسم میں پلازموڈیم کے سائیکل پر منحصر ہوتا ہے۔ پھر یہ وقت آتا ہے کہ یہ بخار باری کا نہیں رہتا بلکہ روزانہ ہونا شروع ہو جاتا ہے لیکن علاج کے ساتھ یا علاج کے بغیر خود بخود کم ہو کر ٹوٹ جاتا ہے لیکن پھر دوبارہ شدت دکھاتا ہے (ٹائیفائیڈ سے اس کا یہ فرق ہے کہ ٹائیفائیڈ میں بخار مستقل رہتا ہے اور کبھی نارمل نہیں ہوتا اگرچہ کم زیادہ ضرور ہوتا ہے) اس کی دیگر علامات میں پورے جسم خصوصاً سر اور کمر میں درد کے ساتھ جسم کا ٹوٹنا، متلی، قے خاص طور پر اہم ہیں۔ سردی لگنا یا کپکپی ہونا بہرحال ملیریا کی امتیازی علامات ہیں۔

ملیریا کے بعض مریضوں میں اتنی تعداد میں سرخ خلیات ٹوٹتے ہیں کہ یرقان کی نوبت آسکتی ہے۔ ایسے مریض کی تلی اور جگر بڑھ جاتے ہیں جنہیں ڈاکٹری معائنہ یا الٹراساؤنڈ کے ذریعے دیکھا جا سکتا ہے۔ یہ عمومی علامات ہر طرح کے ملیریا کی ہیں لیکن Plasmodium Falciparum سے ہونے والا ملیریا نہایت خطرناک شکل اختیار کر کے چند دنوں میں مریض کو موت کے منہ میں دھکیل سکتا ہے۔ اس میں یرقان کے علاوہ انسانی گردے شدید متاثر ہو سکتے ہیں اور گردوں کا فیل ہونا (Renal Failure)، موت پر منتج ہو سکتا ہے جبکہ دماغ کی شریانوں میں اس کے بداثرات غشی اور بیہوشی کی شکل میں ظاہر ہوتے ہیں اس حالت کو Cerebral Malaria کہتے ہیں۔ یہ قسم افریقہ کے ممالک کے علاوہ پاکستان میں جنوبی پنجاب اور بلوچستان کے علاقوں میں پائی جاتی ہے۔ اس سے ہونے والے ملیریا کو Malignant Tertian Malaria بھی کہتے ہیں۔ یہ ملیریا بیماری کی خطرناک اور مہلک ترین قسم ہے۔ لہٰذا اس کی تشخیص اور علاج میں دیر نہیں ہونی چاہئے۔

ملیریا کی تشخیص

ملیریا اتنا عام ہے کہ سمجھدار افراد اس کی مخصوص علامات سے اسے پہچان سکتے ہیں۔ اگرچہ اس کی تشخیص مستند ڈاکٹر سے ہی کروانی چاہئے تاہم ہمارے ملک کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں مستند ڈاکٹر تک رسائی عام افراد کے لئے ممکن نہیں۔ اس لئے اس کی علامات شدید بخار کپکپی، سردرد، کمردرد، متلی اور قے سے پہچاننا چاہئے اور مجوزہ فوری علاج گھر پر ہی شروع کر دینا چاہئے۔ خاص طور پر جب ملیریا کا موسم بھی ہو اور کثرت سے لوگ اس مرض میں مبتلا ہو رہے ہوں۔

تشخیص کا دوسرا پہلو مریض کا ڈاکٹری معائنہ ہے۔ ایک ماہر ڈاکٹر بآسانی مریض کی علامات اور معائنہ کے نچوڑ سے درست تشخیص تک پہنچ سکتا ہے۔ کسی بھی شک کی صورت میں مریض کے خون کا ٹیسٹ Blood For MP کروالینا چاہئے جس سے نہ صرف ملیریا بخار کی تشخیص ہو سکتی ہے بلکہ اس کی قسم کا بھی پتہ لگایا جا سکتا ہے اور اسی مناسبت سے اس کا علاج کیا جا سکتا ہے۔ عام طور پر یہ ٹیسٹ شیشے کی سلائیڈ پر مریض کا خون حاصل کر کے Stained Smear کا خردبینی معائنہ کر کے کیا جاتا ہے، جس میں خون کے سرخ خلیات کے اندر MP کو دیکھا جاتا ہے۔ کوئی بھی اچھا لیبارٹری ٹیکنیشن یہ تشخیص کر سکتا ہے۔ آجکل اس تشخیص کو آسان بنانے کے لئے جدید Strips اور Devices بھی دستیاب ہیں۔

ملیریا سے بچاؤ

پرہیز علاج سے بہتر ہے کا مقولہ اس جگہ بھی صادق آتا ہے۔ جیسا کہ بتایا جا چکا ہے کہ یہ بیماری مچھر کے کاٹنے سے ہوتی ہے۔ لہٰذا اس سے بچاؤ کے لئے وہ تمام وسائل بروئے کار لانے ہوں گے۔ جو ہمیں مچھر کے کاٹنے سے بچائیں۔ مندرجہ ذیل اقدامات اس سلسلہ میں مؤثر ہوں گے۔

(1) گھروں میں جالیوں کا انتظام کریں تاکہ کمروں میں مچھر کی رسائی کم سے کم ہو۔ بچوں کو بار بار دروازہ کھولنے سے روکیں۔

(2) صحن میں سونے کی صورت میں مچھردانی کا استعمال کریں۔

(3) گھروں اور نالیوں میں مچھر مار سپرے نہایت مؤثر ہو سکتا ہے۔

(4) مچھر بھگانے والے کوائل (Coils) یا Mats کا استعمال بھی کیا جا سکتا ہے۔

(5) بعض ایسے آئل (Oil) بھی دستیاب ہیں جو جسم کے ننگے حصوں پر لگا کر مچھر کے کاٹنے سے بچا جا سکتا ہے۔ سرسوں کے تیل میں ڈیٹول ملا کر محلول بنانا ایک مؤثر نسخہ ہو سکتا ہے۔

(6) گھروں، گلی اور محلّہ کی صفائی اور پانی کے مؤثر نکاس سے مچھروں کی افزائش پر کافی حد تک قابو پایا جا سکتا ہے۔

(7) حفظ ماتقدم کے لئے بعض ہومیو پیتھک ادویات کا استعمال بھی مؤثر ہو سکتا ہے۔

ملیریا کا علاج

Vivax Malaria یعنی ملیریا کی معمولی قسم میں علاج مختصر، مؤثر اور آسان ہے۔ تقریباً سو

فیصد افراد میں کلوروکوئین (ChloreQuin) مؤثر ہوتی ہے۔ بڑے افراد میں یہ دو گولیاں صبح دوپہر شام دو دن دینے سے الحمدللہ مکمل علاج ہو جاتا ہے۔ بخار توڑنے کے لئے کوئی بھی Antipyretic دوا مثلاً Paracetamol دی جاسکتی ہے۔ بچوں میں عمر اور وزن کی مناسبت سے کم مقدار میں دوا گولی یا سیرپ کی شکل میں دی جاسکتی ہے۔

Falciparum Malaria میں بھی یہ نسخہ آزمایا جاسکتا ہے لیکن بسا اوقات یہ نسخہ مؤثر نہیں ہوتا بلکہ متبادل (Anti Malarials) کا انتخاب کرنا پڑتا ہے۔ جن میں سے سب سے پرانی دوا کونین (Quinine) کافی مؤثر ہے نیز دیگر جدید ادویات بھی مارکیٹ میں دستیاب ہیں۔ بخار ختم نہ ہونے یا Falciparum Malaria کی علامات ظاہر ہونے کی صورت میں فوری طور پر مستند طبی مرکز سے علاج کروانا چاہئے کیونکہ بروقت تشخیص اور علاج ہی مریض کی جان بچاسکتا ہے۔ عموماً ڈاکٹری علاج عوام کو اس طرح نہیں بتایا جاتا مگر صرف اور صرف صدقہ جاریہ کے طور پر ان افراد کے لئے یہ نسخہ دیا جارہا ہے جن کی رسائی مستند ڈاکٹر تک ناممکن یا مشکل ہو۔

احباب سے عمومی درخواست یہی ہے کہ اگر ہوسکے تو اپنا علاج خود کرنے کی بجائے مستند ڈاکٹر سے مشورہ ضرور کرلیں کیونکہ ہر صورت میں، ہر وقت ہر جگہ Self Medication کی کسی صورت اجازت نہیں دی جاسکتی۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ کونین Quinine کا بے جا استعمال نہایت خطرناک نتائج کا حامل ہوسکتا ہے جبکہ Chloroquin کلوروکوئین کے درست استعمال سے بفضل اللہ تعالیٰ کوئی شدید بد اثرات (Side Effects) نہیں ہوتے۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو تمام موذی امراض سے محفوظ رکھے اور حفظان صحت کے تمام اصولوں پر عمل کرنے کی توفیق بھی عطا فرمائے۔

سفر کے لئے نصیحت

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کے پاس ایک آدمی آیا اور عرض کیا۔ اے اللہ کے رسول! میں سفر پر جانا چاہتا ہوں۔ آپ مجھے کوئی نصیحت کیجئے۔ آپؐ نے فرمایا۔ اللہ کا تقویٰ اختیار کرو۔ جب بھی بلندی پر چڑھو تکبیر کہو۔ جب وہ آدمی روانہ ہوا تو آپؐ نے دعا کی۔ اے اللہ! اس کی دوری کو لپیٹ دے (یعنی اس کا سفر جلد طے ہو) اور اس کا سفر آسان کر دے۔

(ترمذی کتاب الدعوات مایقول اذا ودع انساناً حدیث نمبر 3367)

مکرم ناصر الدین بلوچ صاحب

میری خالہ محترمہ رحمت بیگم صاحبہ

میرے نانا جان حضرت نور محمد صاحب امرتسری اور نانی جان حضرت زینب بی بی صاحبہ دونوں کو حضرت مسیح موعودؑ کی بیعت کا شرف حاصل ہوا۔ دونوں کو اپنے خاندان کی طرف سے سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ لیکن آخر دم تک انہوں نے اپنے عہدِ بیعت کو بڑی وفا اور خلوص کے ساتھ نبھایا۔ نانا جان بلا رنگ و نسل سب کے ساتھ سخاوت سے پیش آتے۔ ایک دفعہ کسی کو سردی میں کانپتے ہوئے دیکھا تو اپنا کمبل اُسے دے دیا۔ ایک سکھ کو بنا قمیص دیکھ کر اپنی قمیص اُسے دے دی جس پر وہ دعا کے رنگ میں کہنے لگا کہ تُسی پُگ گئے ہو۔ نانی جان کو قصرِ خلافت میں جا کر حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی پگڑیاں دھونے کا بھی اعزاز حاصل رہا اور حضرت صاحب فرمایا کرتے تھے کہ صدیق (مولانا محمد صدیق صاحب امرتسری) کی والدہ کی دھلائی بہت اچھی ہے۔

اس نیک جوڑے کو آج سے 82 سال قبل جب اللہ تعالیٰ نے پانچویں بیٹی عطا فرمائی تو نانا جان نے بڑے ہی پیار سے اس بچی کا نام رحمت بیگم رکھا۔ یہ وہ وقت تھا جب پنجاب میں کسی کے ہاں بیٹی پیدا ہوتی تو وہ افسردہ ہو جاتا اور اگر بیٹا ہوتا تو خوب جشن مناتا۔ اس لئے رشتے داروں میں چہ مگوئیاں بھی ہوئیں کہ پانچویں بیٹی ہوئی ہے اور نام رحمت رکھا گیا ہے لیکن اس بیٹی کی آئندہ زندگی نے یہ بھی ثابت کردیا کہ یہ نام خاص خدائی منشاء کے تحت رکھا گیا تھا۔ ان کے بعد اللہ تعالیٰ نے نانا جان کو بیٹے بابو محمد لطیف صاحب امرتسری سے نوازا جو کہ اللہ کے فضل سے ایک لمبے عرصہ سے ربوہ میں بطور اسسٹنٹ پرائیویٹ سیکرٹری خدمت دین سرانجام دے رہے ہیں۔

خالہ جان نے ساری زندگی ''محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں'' کی عملی تفسیر بنتے ہوئے محبتیں اور خوشیاں بانٹیں اور اس پیار میں اپنے یا غیر، احمدی یا غیر از جماعت میں کوئی فرق نہ رکھا گیا۔ آپ نے حقوق اللہ اور حقوق العباد کو کماحقہٗ ادا کرنے کی کوشش کی۔

آپ نے ساری زندگی نہ صرف بڑے خشوع کے ساتھ اپنی پنجوقتہ نمازوں کو ادا کیا بلکہ آپ کی تہجد بھی کبھی قضاء نہ ہوئی۔ ان تہجدوں میں اپنے آقا اور مولیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی کامل اطاعت کرتے ہوئے کافی کافی دیر تک قیام کیا جاتا جس کی وجہ سے اکثر آپ کے پاؤں متورم ہوجاتے۔ آخری بیماری کے دوران جب آپ بستر پر حرکت بھی نہ کرسکتی تھیں اور کمر اور ٹانگوں میں شدید درد رہتی تھی تب بھی اس درد سے کہیں زیادہ آپ کو نماز کا ہی خیال رہتا اور آپ پوچھتی رہتیں کہ کیا نماز کا وقت ہوگیا ہے، آپ نے ہر عسر و یسر میں خدا کے ساتھ اپنی وفا کو کامل اخلاص کے ساتھ نبھایا۔ اپنی زندگی کے آخری پانچ سالوں میں آپ کو یکے بعد دیگرے اپنے دو بیٹوں مکرم عبدالرشید صاحب ناظم انصاراللہ وسیکرٹری مال ضلع میرپور آزاد کشمیر جو اپنی والدہ کی طرح فرشتہ سیرت وجود تھے اور 27 مئی 2010ء کو کینسر کی وجہ سے وفات پاگئے تھے اور سب سے بڑے بیٹے مکرم عبدالحی صاحب صدر جماعت کھرڑی ضلع میرپور آزاد کشمیر جن کی ہارٹ اٹیک کی وجہ سے وفات ہوئی کے صدمہ کو بڑے ہی صبر سے برداشت کیا۔ ان دنوں خاکسار نے بیرونِ ملک سے جب خالہ جان سے فون پر بات کی تو مجھے ایک دکھی ماں کی حقیقی صبر سے لبریز آواز سنائی دی ''جس طرح خدا دی مرضی''۔

آپ کا اپنے والدین کے ساتھ بے حد وفا اور محبت کا تعلق تھا اور والدین کو اس بات کا مکمل یقین تھا کہ ہماری بیٹی نے کبھی بھی کسی بات کو رد نہیں کرنا۔ نانا جان کی رہائش ربوہ میں تھی اور خالہ جان کی رہائش میرپور آزاد کشمیر میں تھی۔ نانا جان نے اپنی دلی خواہش کے پیشِ نظر اپنے نواسے مکرم عبدالرشید صاحب جن کا ذکر اوپر ہو چکا ہے کا رشتہ اپنی نواسی کے ساتھ طے کردیا۔ آپ نے ہمیشہ بڑی محبت اور خوشی کے ساتھ خالصتاً اس سوچ کے ساتھ مہمانوں کی مہمان نوازی کی کہ مرکز سے آنے والا ہر نمائندہ خلیفہ وقت کا نمائندہ ہے اور دیگر شہر اور گردونواح سے آنے والے مہمان حضرت مسیح موعود کے مہمان ہیں۔

آپ کی ایک بیٹی اور چھ بہوئیں ہیں لیکن آپ نے ہمیشہ ہر موقع پر اپنی بہوؤں کو اپنی بیٹی جیسا ہی پیار دیا۔ میری کزن ماموں جان، مولانا محمد صدیق صاحب امرتسری کی بیٹی ساکن جرمنی کی ایک سہیلی جب پاکستان میں قیام کے دوران میرپور بھی گئیں اور واپس جرمنی جانے کے بعد میری کزن سے ملیں تو کہنے لگیں کہ میں ایک ایسا جنت نظیر گھر دیکھ کے آئی ہوں جہاں ایک عظیم ہستی نے اپنی بہوؤں کو اپنی بیٹیوں کی طرح رکھا ہوا ہے۔ جب میری کزن نے رحمت بیگم نام سنا تو بڑی خوشی کے ساتھ اس سہیلی کو بتایا کہ وہ میری پھوپھو ہیں۔

امیر سفر

حضرت ابوسعیدؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جب تین آدمی سفر پر جائیں تو اپنے میں سے کسی ایک کو اپنا امیر مقرر کرلیں۔

(ابوداؤد کتاب الجہاد باب فی القوم یسافرون حدیث

شہر کی غیر از جماعت عورتیں بھی آپ کی بہت عزت کرتی تھیں۔ آپ کی وفات پر وہ گھر آکر بہت روئیں اور کہنے لگیں کہ یہ ہستی تو ہمارے ساتھ ماؤں کی طرح شفقت کا سلوک کرتی تھیں۔ اِن میں سے کچھ عورتیں پوٹھوہاری زبان میں آپ کی بہوؤں کو کہنے لگیں کہ آپ کو کوئی افسوس نہیں ہوا؟ پوچھا گیا کہ آپ نے یہ کیسے محسوس کیا تو کہتی ہیں کہ آپ بین نہیں ڈال رہیں یاد رہے کہ کشمیر کے کلچر میں رسماً بین کیا جاتا ہے۔

ان کی بات سن کر دل سے نکلا کہ ہم حضرت مسیح موعود کے غلام ہیں اور تمام بدرسومات اور بدعات سے پاک ہیں۔

خالہ جان نے نہ صرف اپنے گھر میں بلکہ اپنی بہوؤں، بھائیوں اور ان کے بچوں میں بھی بے انتہا پیار بانٹا۔ میری والدہ کی وفات سے قبل یادداشت بہت کمزور ہوگئی تھی اور بہت کم کسی کو پہچانتی تھیں۔ مگر خالہ جان جب بھی آتیں تو میری بیمار والدہ کا چہرہ خوشی سے کھل اُٹھتا اور ان کی آنکھوں میں محبت جھلکنے لگتی۔ ہم سب نے پوچھنا کہ کون ہیں تو نام تو یاد نہیں ہوتا تھا مگر کہتیں کہ ''اپنے ہی نیں''۔

آپ جب بھی ربوہ آتیں، چاہے آپ کا قیام ایک دن کا ہی ہوتا، بہشتی مقبرہ میں خلفاء کرام اور بزرگانِ سلسلہ کی قبور پر دعا کے لئے ضرور جاتیں۔ ربوہ یا لاہور میں کچھ دن قیام کے بعد جب واپسی کا ارادہ کرتیں تو سب نے بڑی ہی محبت کے ساتھ اس بات کی تکرار کرنی کہ خالہ جان کچھ دن ہور ٹھر جاؤ'' اور جب آپ آخری دنوں میں شدید بیمار تھیں تو اپنوں اور غیروں سب کے دلوں سے یہ دعا نکل رہی تھی کہ

''اے پیارے اللہ کچھ دن ہور ٹھر جا''، یعنی خالہ جان کو کچھ دن اور زندگی دے دے لیکن آخر اپنی تقدیر کے تحت 27 مئی 2010ء جس رحمٰن و رحیم خدا نے اس ہستی کو دنیا میں محبتیں بانٹنے کے لئے بھیجا تھا اپنے پاس بلالیا۔

بلانے والا ہے سب سے پیارا
اسی پہ اے دل تو جاں فدا کر

آپ کی بہشتی مقبرہ ربوہ میں تدفین عمل میں آئی اور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت آپ کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی۔ خدا تعالیٰ آپ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ درجات عطا فرمائے۔ آمین

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 104400 میں

Sidfa Mubarka

زوجہ Imtiaz Ahmad قوم جٹ پیشہ خانہ داری عمر 28 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کینیڈا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 10-01-10 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) حق مہر وصول شدہ بصورت زیور وزنی 19.5 تولے مالیت -/Can$8000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/Can$180 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے الامتہ۔ Sadfa Mubarka گواہ شد نمبر 1 Imtiaz Ahmad گواہ شد نمبر 2 Sheikh Abdul Manan

مسل نمبر 104401 میں

Mobaraka Begum

زوجہ Mohammad Asaduz Zaman قوم ...... پیشہ خانہ داری عمر 26 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 01-04-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) طلائی زیور وزنی 10 تولے اندازاً مالیتی -/Tk160,000 (2) حق مہر مبلغ -/Tk75000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/Tk1000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Mobaraka Begum گواہ شد نمبر 1 Arif uz Zaman گواہ شد نمبر 2 Abdur Razzaque

مسل نمبر 104402 میں

MD.Jalal Hossen

ولد Late MD Asir Uddin قوم ...... پیشہ زراعت عمر 39 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 01-07-09 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) Home Stead Land برقبہ 0.04acr واقع بنگلہ دیش اندازاً مالیت -/Tk30,000 (2) Tin Shed House واقع بنگلہ دیش اندازاً مالیت -/Tk20,000 (3) زرعی اراضی برقبہ 0.165acr واقع بنگلہ دیش اندازاً مالیت -/Tk80,000 اس وقت مجھے مبلغ -/Tk2800 ماہوار بصورت زراعت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کوادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Md.Jalal Hoseen گواہ شد نمبر 1 Md.Altaf Hoseen گواہ شد نمبر 2 Md.Shafikul Islam

مسل نمبر 104403 میں

Sabiha Sultana Popy

زوجہ Bashir Ahmed قوم ...... پیشہ خانہ داری عمر 25 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 01-07-10 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) حق مہر مبلغ -/Tk17000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/Tk200 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے الامتہ۔ Sabiha Sultana Popy گواہ شد نمبر 1 Md Shafikul Islam گواہ شد نمبر 2 Md.Bashir Ahmed

مسل نمبر 104404 میں

Md.Bashir Ahmed

ولد Md.Wajed Ali قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 28 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 01-07-09 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/Tk3000 ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Md.Bashir Ahmed گواہ شد نمبر 1 Md.Jalal Hossen گواہ شد نمبر 2 Md.Shafikul Islam

مسل نمبر 104405 میں

Shofikul Islam Mukol

ولد Late Mohammad Ali قوم ...... پیشہ مزدوری عمر 44 سال بیعت 1982ء ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 01-07-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) Home Stead Land برقبہ 0.12acr واقع بنگلہ دیش اندازاً مالیت -/Tk40,000 (2) TinShed House واقع بنگلہ دیش اندازاً مالیت -/Tk15000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/Tk800 ماہوار بصورت انکم مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Shofikul Islam Mukol گواہ شد نمبر 1 Md.Jalal Hossen گواہ شد نمبر 2 Md.Altaf Hossen

مسل نمبر 104406 میں

Mohammad Kamrul Hasan

ولد Dr Soleman Sarkar قوم ...... پیشہ طالبعلم عمر 21 سال بیعت 2005ء ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 01-05-09 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/Tk600 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Md.Kamrul Hasan گواہ شد نمبر 1 Robiul Islam گواہ شد نمبر 2 Md.Zahidul Islam

مسل نمبر 104407 میں

Mohammad Monirul Kabir

ولد Mohammad Enamul Haque قوم ...... پیشہ کاروبار عمر 40 سال بیعت 1998ء ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 01-08-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) نقد رقم مبلغ -/Tk600 (2) مویشی اندازاً مالیتی -/Tk3000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/Tk4000 ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے العبد۔ Mohammad Monirul Kabir گواہ شد نمبر 1 Robiul Islam گواہ شد نمبر 2 Kazi Makhbsur Rehman

مسل نمبر 104408 میں

Mohammad Yaqub Ali

